دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ نے ’ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس‘ کے موضوع پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس منعقد کیا

April 21, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ (سی آئی ای) نے مورخہ سولہ اور سترہ اپریل دو ہزار پچیس کو ’ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس: چارٹنگ تھرو انٹری پرینیورشپ، انوویشن اینڈ گلوبل کیریئرز‘ کے موضوع دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس منعقد کیا۔ کانفرنس کا مقصد جدت پسندوں، اسٹارٹ اپس، علمی ہستیوں اور پالیسی سازوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے ہندوستان کی انٹر پرینیورل روڈ میپ پر بات چیت کو فروغ دینا تھا۔

کانفرنس کے سرپرست اعلی اور مہمان خصوصی پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کانفرنس کا افتتاح کیا۔ کانفرنس کے مہمان اعزازی جناب سنجیو، جوائنٹ سیکریٹری، ڈی پی آئی آئی ٹی، وزارت کامرس وصنعت اور جناب تاب صدیقی بانی ہارویسٹ گولڈ نے مہمان ذی وقار کی حیثیت سے پروگرام میں شرکت کی۔ جناب کورے گلک مین، بانی گرین مین بلیک ،امریکہ نے کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے عالمی جدت کے ماحولیات دوست نظام کے سلسلے میں بیش قیمت معلومات ساجھا کیں۔

کانفرنس میں بہت سی اہم شخصیات کی تقریریں ہوئیں جن میں پروفیسر ایس تھامس ڈین، فیکلٹی آف انجینئرنگ، پروفیسر سیمی ملہوترا پروفیسر انچارج، سی آئی ای شامل ہیں۔ انھوں نے اپنی تقریروں میں ملک کی تعمیر میں جدت واختراعت کے رول پر زور دیا۔ کانفرنس کے ساتھ ساتھ ایک اسٹارٹ اپ ایکسپو بھی منعقد کیا گیا جہاں تیس سے زیادہ اسٹارٹ اپس پیش کیے گئے۔ انروڈ، کریشی گرو اور بیک ٹو بیسکس جیسے اہم اسٹارٹ پروگرام کا حصہ تھے ان سے حاضرین کو ہندوستان میں نشو ونما پارہی کارجویائی کی جھلک ملی۔

کانفرنس میں اسی سے زیادہ اسکالروں اور ماہرین نے مقالات پیش کیے۔ پروگرام کی اہم باتوں میں پچنگ سیشن، بزنس ماڈل کنوس ورکشاپ، سرمایہ کار میٹ، انٹر پرینیوروں کا اجتماع شامل ہیں۔ ان اجلاسوں میں جن ممتاز انٹر پرینیورز نے حصہ لیا ان میں جناب سنیل چوپرا، یورون کوچ اینڈ سیریئل انٹر پرینیور، ڈاکٹر نغمہ عباسی، بانی اینڈ سی ای او نیکسٹ جنریشن لائف سائنسز؛ محترمہ

میگھنا مجیتھا، بانی ایپیکس لنکس، ڈاکٹر شکھا شرما بانی ون ہیلتھ اینڈ مسٹر ستھیش کمار جے، سی ای او کراس بارڈر پاور ٹرانسمیشن کو لمٹیڈ شامل ہیں۔

پروگرام کی الوداعیہ تقریب سترہ اپریل دو ہزار پچیس کو انجینیرنگ کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور کانفرنس کے سرپرست نے بطور مہمان خصوصی کانفرنس کے الوداعی تقریب میں حصہ لیا جب کہ ستھیش کمار نے مہمان اعزازی کی حیثیت سے شرکت کی۔ پروفیسر رضوی نے اپنی تقریر میں اہم اہداف اور ہندوستان کے ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس حکومت کے وژن کا ذکر کرتے ہوئے تیس ٹریلین معیشت کے حصول سے لے کر تعلیمی وصحت اصلاحات تک کا ذکر کیا جس سے ملک کے مستقبل کی تبدیلی ممکن ہوگی۔

بہترین مقالہ پیش کرنے والوں، مشیروں، کنوینزوں اور کانفرنس کے رابطہ کاروں کو انعامات تقسیم کیے گئے۔ پروفیسر ریحان خان سوری، ڈائریکٹر، سی آئی ای نے شرکا کا شکریہ ادا کیا اور زور دیا کہ یہ کانفرنس سینٹر فار انوویشن کے سفر میں ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ انھوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وزیر اعظم کے دو ہزار سینتالیس تک 'ترقی یافتہ بھارت' کے وژن کے حصول میں جامعہ ملیہ اسلامیہ اہم رول ادا کرے گا۔

پروفیسر صائمہ سعید

چیف، تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ